I. **ان سوالات کے جوابات ایک یا دو سطر میں دیجئے۔**

1. دستوری چارہ جوئی کے حق سے متعلق آپ کیا سمجھتے ہیں؟

2. حق آزادی کے تحت حاصل کوئی دو حقوق لکھیے۔

3. قانون حق تعلیم 2009ء کا اصل مقصد کیا ہے؟

II. **ہر ایک سوال کا جواب 4 یا 5 سطر میں لکھیے۔**

1. مذہبی آزادی سے متعلق حق کے بارے میں اہم نکات کو بیان کیجئے۔

2. انسانی حقوق کیا ہیں؟ کسی ایک انسانی حق کے بارے میں لکھئے۔

III. **ان سوالات کے جوابات 8 تا 10 سطر میں لکھیے۔**

1. مناسب مثالوں کے ذریعہ دستور کے بنیادی حقوق کے بارے میں لکھئے۔

2. حق مساوات کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

3. بنیادی فرائض سے متعلق وضاحت کیجئے۔

IV. **ہمہ انتخابی سوالات:**

1. تمام شہریوں کے لئے حق آزادی ان دفعات کی رو سے ہے ( )

(a) آرٹیکل 5 تا 11 (b) آرٹیکل 20 تا 30 (c) آرٹیکل 19 تا 22 (d) آرٹیکل 40 تا 45

2. 6 تا 14 سال عمر کے بچے اس کی رو سے مفت اور لازمی تعلیم کے حقدار ہیں۔ ( )

(a) بنیادی حق (b) بنیادی فرض (c) رہنمایانہ اصول (d) ان میں سے کوئی نہیں

3. ہندوستانی دستور تمام شہریوں کو مذہب وعقیدہ کی آزادی دیتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستان اسطرح کی مملکت ہے۔ ( )

(a) جمہوری (b) جمہوری مملکت (c) مقتدر اعلیٰ مملکت (d) سیکولر مملکت

4. سائنسی رجحان، تجسس پیدا کرنے کے لئے رہنمائی کرتا ہے۔ ( )

(a) رہنمایانہ اصول (b) بنیادی حق (c) بنیادی فرض (d) ان میں سے تمام